DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 03.04.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان ہرصورت امن بحال کریں گے، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | معاشی استحکام میں علاقائی تجارت کا فروغ اہم کردارادا کرسکتا ہے، جام کمال | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | ٹرین کو یرغمال بنانا لوگوں کوشناخت کرکے قتل کرنا کسی طور قبول نہیں، رانا ثناء اللہ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | قیام امن اور مثبت تبدیلی کیلئے سرگرم ہیں، فیصل جمالی | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | بلوچستان کی نہروں کو نئے خطوط پر استوار کیا جارہا، صادق عمرانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ہماری سیاست کا مقصد عوام کی خدمت کرنا ہے، نور محمد دمڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | آئندہ بجٹ میں میگاہ پروجیکٹس متعارف کروائیں گے، محمد خان لہڑی | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | کالعدم ٹی ایل اے سے مذاکرات خارج ازامکان، خواجہ آصف | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | عوامی خدمت کیلئے کوئی دقیقہ فردگزاشت نہیں کرینگے، سلیم کھوسہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | عدالت بی وائی سی قیادت کو ریلیف دے تو کوئی اعتراض نہیں، حکومت بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | کوئٹہ میں عیدالفطر پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | ضلع مستونگ میں انتظامیہ نے خندقیں کھودنا شروع کردیں، | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | کوئٹہ میں موبائل انٹرنیٹ سروس ایک بار پھر معطل کردی گئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | ایس پی شبانہ حبیب کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | ڈی سی کوئٹہ ڈی جی PDMA کا کوئٹہ جیل کا دورہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | مہاجرین کی رضا کارانہ واپسی کی ڈیڈلائن ختم واپس بھیجنے کا عمل شروع | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | چمن افغان شہریوں کی وطن واپسی کیلئے تیاریاں دو کیمپس قائم | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

سرانان گاڑی سے منشیات برآمد ہونے پر اسمگلر گرفتار، قلعہ عبداللہ اغواء کار خاتون ساتھی سمیت گرفتار، مستونگ بی این پی کے دھرنے کے قریب خودکش دھماکہ سردار اختر مینگل سمیت تمام کارکن محفوظ رہے، اوستہ محمد اور ڈیرہ اللہ یار میں تاجروں کو لوٹ لیا گیا، گوادر میں بم دھماکہ ایک شخص جاں بحق، دو افراد زخمی، ڈھاڈر بھائی کی فائرنگ سے بہن اور اس کا مبینہ آشنا شدید زخمی۔

## عوامی مسائل:

پولیس کی ناکامی ڈاکو دکان سے 9 لاکھ لوٹ کر فرار شہریوں کا احتجاج، صحبت پور 7 افراد کے بہیمانہ قتل لاشوں کو جلانے کے خلاف احتجاج۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 03.04.2025

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں گڈ گورننس کے حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستانمیرسرفراز بگٹی کے اہم فیصلے مثبت اثرات کی امید !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں گورننس کے ذریعے بہت سارے مسائل پر قابو پایا جاسکتا ہے خاص کر عوام حکومت سے بنیادی سہولیات اور ریلیف کی امید اور توقع رکھتے ہیں۔ بیڈ گورننس میں اقرباء پروری، رشوت خوری ملازمتوں کیفروخت، نوجوانوں کو میرٹ پر ملازمتیں فراہم نہ کرنا، اہم منصوبوں سے عوام کا مستفید نہ ہونا سمیت دیگر مسائل شامل ہیں۔ بیڈ گورننس خاص کر نوجوانوں کو مایوسی کی طرف دھکیلنے کا سبب بنتی ہے جو اپنے مستقبل کو تاریک سمجھ کر منفی سرگرمیوں کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کی ترقی وفلاح بہبود سمیت گورننس پر خصوصی توجہ سے صوبے کے عوام میں موجود بے چینی اور محرومیوں کا ازالہ ممکن ہوسکتا ہے جبکہ سرکاری آفیسران کا سرکاری وسائل کا غلط استعمال جس میں گاڑیوں اور پروٹوکول کا واپس نہ کرنا، اپنے من پسند افراد کو دہری ملازمتیں فراہم کرنا جبکہ ضرورت مند نوجوانوں کو نظرانداز کرنے جیسے عوامل سے پورے نظام پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں جو نوجوانوں میں مایوسی پھیلانے کا سبب بنتے ہیں۔ بہر حال وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے گورنس کی بہتری کیلئے اہم اقدامات اور فیصلوں سے بہتری آرہی ہے خاص کر کرپشن سمیت دیگر مسائل پر کوئی سمجھوتہ اور رعایت نہ کرتے ہوئے فوری کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ بلوچستان کے 28 محکموں کے 428 سرکاری ملازمین کی ادہری ملازمت کا انکشاف ہوا ہے جس پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنی زیر صدارت سیکریٹریز کمیٹی کے اجلاس میں فوری کارروائی اور مقدمات درج کرنے اور بیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کا حکم دیا ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**سمی دین بلوچ کی رہائی**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**افغان مہاجرین کی وطن واپسی ناگزیر**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**وزیر اعظم کا بلوچستان کی ترقی کیلئے عزم اور امن**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "PM committed to Balochistan's progres, peace" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کی صورتحال: پھر نہ کہنا خبر نہ ہوئی**" کے عنوان سے عبدالمتین کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF P[illegible] RELATIONS BALO[illegible]

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 54 | جمعرات 4 شوال المکرم 1446ھ 3 اپریل 2025ء | نمبر 91


## شہباز شریف کی آج 336 بڑے تاجروں کے وفد سے ملاقات، قوم سے خطاب میں خوشخبری دینگے، بجلی کی قیمتوں میں 7 روپے کمی کا اعلان متوقع

# بلوچستان ہر صورت امن بحال کرینگے

## وزیراعظم کی سرفراز بگٹی سے ملاقات، سندھ، پنجاب کے وزرائے اعلیٰ سمیت دیگر سیاسی شخصیات سے رابطہ

### ...پرامارات، ایران، قازقستان، ترکمانستان، بحرین، بنگلہ دیش، ملائشیا اور بوسنیا کے سربراہان سے رابطہ، میانمار کے وزیراعظم سے زلزلے سے نقصانات پر اظہار افسوس

### ...ز سندھ، حافظ نعیم، ایمل ولی کو ٹیلیفون، عید کی مبارکباد دی، بلاول بھٹو سے رابطہ کرکے، صدر زرداری کی بیمار پرسی کی، وزیراعظم سے محسن نقوی کی ملاقات، سیکورٹی صورتحال پر گفتگو

...ہور، اسلام آباد (نیوز رپورٹر، رانا غلام قادر) ...ظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان ...صورت امن بحال کرینگے، بلوچستان کی ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائینگے، یہ بات انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ملاقات کے موقع پر کی، وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری، گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن اور اے این پی کے سربراہ ایمل ولی دیگر سیاسی کو فون کرکے عیدالفطر کی مبارکباد دی، سیاسی رہنماؤں نے بھی وزیراعظم کو عیدالفطر کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، وزیراعظم نے بلاول بھٹو فون کرکے صدر مملکت آصف علی زرداری کی بیمار پرسی کی، وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی اس موقع پر سکیورٹی اور امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے عید پر متحدہ عرب امارات، ایران، قازقستان، ترکمانستان، بحرین، بنگلہ دیش، ملائشیا اور بوسنیا کے سربراہان سے فون پر رابطہ کرکے انہیں عید کی مبارکباد دی، جبکہ میانمار کے وزیراعظم سے زلزلے سے نقصانات پر افسوس کا اظہار کیا، دریں اثناء معلوم ہوا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف سے آج 336 بڑے تاجروں کے وفد سے ملاقات طے ہے، وزیراعظم آج قوم سے خطاب میں خوشخبری دینگے، بجلی کی قیمتوں میں 7 روپے کمی کا اعلان متوقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف آج بجلی کے ریلیف پیکج کے حوالے سے اہم اعلان کرینگے۔ پاور ریفارمز اور پیکج کے اعلان کیلئے وزیراعظم آفس میں آج دوپہر دو بجے باضابطہ تقریب کا اہتمام ہوگا۔ بجلی صارفین کو کتنا ریلیف ملتا ہے وزیراعظم آج خود بتائینگے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کی فی یونٹ قیمت میں بڑی کمی کا امکان ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں 6 سے 7 روپے فی یونٹ کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کی کمی کا فائدہ اپریل کے بلوں میں آنا شروع ہوگا۔ آئی پی پیز کے ساتھ نظرثانی شدہ معاہدوں اور پیٹرولیم لیوی کا فائدہ صارفین کو دیا جائیگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سہ ماہی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ کا بھی فائدہ صارفین کو دیا جائیگا۔ وزیراعظم نے بجلی پیکج پر وزیر خزانہ سے اہم ملاقات بھی کی ہے۔ آئی ایم ایف سے بجلی پیکج پر مشاورت اور آئی پی پیز سے کامیاب مذاکرات کے بعد پیکج تیار کیا گیا۔ بجلی پیکج میں گھریلو صارفین سمیت انڈسٹری کیلئے بھی ریلیف رکھا گیا ہے۔ وزیراعظم آج کاروباری شخصیات سے بھی ملاقات کریں گے۔ وزیراعظم پاور سیکٹر میں اصلاحات کے حوالے سے جامع پلان کی منظوری دیں گے۔ عیدالفطر پر وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن رضا نقوی نے الگ الگ ملاقات کی۔ ملاقاتوں میں سکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زید النہیان، ایران کے صدر مسعود پیزشکیان، قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکائیف، بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس، ملائیشیا کے وزیراعظم داتو سری انور ابراہیم، ترکمانستان کے صدر سردار بردی محمدوف اور بوسنیا ہرزیگووینا کے رکن ایوان صدر ڈاکٹر ڈینس بیکیروویچ، سینئر جنرل من آنگ ہلینگ، چیئرمین سٹیٹ ایڈمنسٹریشن کونسل و وزیراعظم میانمار سے ٹیلیفون پر رابطہ کرکے عیدالفطر کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔ وزیر داخلہ نے وزیراعظم کو ملک میں سکیورٹی کے لیے کیے گئے اقدامات اور افغان باشندوں کی وطن واپسی کے عمل کی پیشرفت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے بالخصوص عیدالفطر کے موقع پر ملک میں امن وامان کی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی وزیراعظم سے ملاقات میں بلوچستان کی موجودہ اقتصادی، سماجی اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو اور وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت آصف زرداری کی صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے صدر مملکت کی صحت سے متعلق تشویش کا اظہار کیا اور انکی جلد شفایابی کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ صدر مملکت آصف زرداری کی جلد صحتیابی کے لیے قوم دعا کرے۔ شہباز شریف نے صدر مملکت کو بہترین طبی سہول[illegible]ت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم شہباز شر[illegible] سے وفاقی وزیر داخلہ محسن رضا نق[illegible] نے ملاقات ک[illegible] ایک دوسرے کو عیدالفطر کی مبار[illegible]د دی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کے دوران وزیراعظم کو ملک میں سیکورٹی کے لیے اقدامات کی پیشرفت اور افغان باشندوں کی وطن واپسی کے عمل کی پیشرفت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کا بالخصوص عیدالفطر کے موقع پر ملک میں امن وامان کی صورتحال پر اظہار اطمینان۔ ملاقات میں متعلقہ وزارت کے امور پر گفتگو ہوئی۔

THE DAILY JANG QUETTA ★★

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

BC-J-1 2841993-2842015-2841078


# انتظامی امور میں خواتین افسران کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ

**پولیس اور لیویز میں خواتین کی شمولیت خوش آئند ہے، سرفراز بگٹی کا تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت انتظامی امور میں خواتین افسران کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔ خواتین افسران نے محنت، لگن اور پختہ عزم سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس پی ٹریفک شبانہ حبیب ترین کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ اور کیش ایوارڈ دینے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی ایس ایس پی ٹریفک بہرام خان بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ نے سائنس کالج کوئٹہ کے دورے کے موقع پر خاتون ٹریفک پولیس افسر کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کارکردگی سرٹیفکیٹ دینے کا وعدہ کیا تھا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ شبانہ حبیب ترین نے پیشہ ورانہ مہارت اور مثالی خدمات کا مظاہرہ کیا ہے ہر طرح کے حالات، سردی اور گرمی میں آپ کو ڈیوٹی پر متحرک دیکھا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت انتظامی امور میں خواتین افسران کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے خواتین افسران نے محنت لگن اور پختہ عزم سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان پولیس میں مقامی خواتین کی بڑی تعداد شامل ہو رہی ہے پولیس اور ایف سی بلوچستان میں خواتین کی شمولیت خوش آئند ہے فورسز میں بلوچستان کی خواتین کی شمولیت ترقی اور غیر معمولی تبدیلی کا آغاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی ڈھانچے میں خواتین افسران کی بڑھتی ہوئی تعداد امن و امان کے قیام میں مثبت کردار ادا کر رہی ہے بلوچستان کی بیٹیاں ہر شعبے میں نمایاں خدمات انجام دے رہی ہیں۔

# وزیر اعلیٰ کی ڈاکٹر مالک، مولانا واسع سے ملاقات، عید کی مبارکباد دی

**بلوچستان | ترقی کیلئے پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلنے کا عزم، مثبت تجاویز کا خیر مقدم کیا جائیگا، رہنماؤں کی گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید الفطر کے دن نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی وزیر اعلیٰ اپنے رفقاء کے ہمراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے گھر پہنچے، ملاقات کے دوران نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما میر کبیر احمد محمد شہی، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری میر عبیداللہ گورگیج، میر لیاقت علی لہڑی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر صوبے کی مجموعی صورتحال اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے بلوچستان کی ترقی کے لیے تمام پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کی مثبت تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا تاکہ صوبے میں ترقی اور امن کو فروغ دیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع کے ہاں بھی گئے جہاں انہوں نے مولانا عبدالواسع اور ان کی جماعت کے رہنماؤں سے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی۔ جمعیت کے صوبائی امیر اور رہنماؤں سے اس ملاقات میں صوبے کے سیاسی امور اور ترقیاتی معاملات پر گفتگو ہوئی۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر سیاسی ہم آہنگی اور مشترکہ ترقیاتی اہداف کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کے لیے مثبت تجاویز کو سراہا جائے گا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مولانا عبدالواسع نے بھی وزیر اعلیٰ اور ان کے وفد کو عید کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

# حکومت ترقی کا سفر آگے بڑھانے کیلئے پر عزم ہے، وزیر اعلیٰ بگٹی

**تمام طبقات کو یکساں کردار ادا کرنا ہوگا، وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی و دیگر کی ملاقات، عید کی مبارکباد دی**

**جوانوں کی قربانیاں قوم کیلئے باعث فخر ہیں، سرفراز بگٹی نے عید الفطر کی نماز کوئٹہ میں ادا کی، ملکی ترقی سلامتی کیلئے دعائیں**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شرکاء نے وزیر اعلیٰ کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کی اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مہمانوں کے نیک جذبات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عید الفطر خوشیوں، بھائی چارے اور یکجہتی کا پیغام دیتی ہے، انہوں نے اس موقع پر عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کی خوشیوں میں مستحق افراد کو بھی شامل کریں تاکہ حقیقی معنوں میں عید کی روح کو اجاگر کیا جا سکے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے کی ترقی و استحکام کے لیے تمام طبقات کو یکساں کردار ادا کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی خدمت اور ترقی کے سفر کو مزید آگے بڑھانے کے لیے پر عزم ہے اور بلوچستان کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید الفطر کی نماز کوئٹہ میں ادا کی، ان کے ہمراہ صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، حکام اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔ نماز عید کے موقع پر ملکی ترقی، استحکام اور سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں، نماز عید کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تمام اہل اسلام کو عید الفطر کی دلی مبارکباد پیش کی اس موقع پر انہوں نے سیکورٹی فورسز کے شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج، ایف سی، پولیس اور لیویز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان محافظوں کی بدولت عوام عید کی خوشیاں امن و اطمینان کے ساتھ منا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کے موقع پر مستحقین کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 03 APR 2025

Page No. 3



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی عید الفطر کی نماز ادا کر رہے ہیں صوبائی وزراء بھی شریک ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو صوبائی وزراء اراکین قومی وصوبائی اسمبلی عید کی مبارکباد دے رہے ہیں



لاہور: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق اور خواجہ سلمان رفیق سے ملاقات کررہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ تبادلہ خیال کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ینگ اسٹار شاہ زیب رزاق شیخ عید مل رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعرات 04 شوال 1446ھ 03 اپریل 2025ء صفحات 08 | شمارہ 275

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# بلوچستان کی ترقی کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائینگے

## وزیراعظم شہباز شریف کی وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کو یقین دہانی

وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ملاقات بلوچستان کی اقتصادی و سماجی ترقی، امن و امان کی بہتری اور وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال

وزیراعظم نے بلوچستان کی ترقی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے، وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبے صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کریں گے، وزیراعلیٰ

عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے امن کے قیام کے لیے اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر نتیجہ خیز فیصلے کر رہے، وزیراعلیٰ کی ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق اور خواجہ سلمان رفیق سے ملاقات

وزیراعلیٰ کی نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے ملاقات، تمام پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے عزم کا اظہار

کوئٹہ، لاہور (خ ن): وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات میں بلوچستان کی اقتصادی و سماجی ترقی، امن و امان کی بہتری اور وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے بعد سماجی رابطے کی سائٹ ایکس سابق ٹوئٹر پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وزیراعظم نے بلوچستان کی ترقی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے جو صوبے کے عوام کے لیے خوش آئند ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبے بلوچستان کی معیشت کو مستحکم کرنے اور عوامی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کریں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ترقی کے سفر میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کا عزم ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو یہاں پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنماؤں......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق اور خواجہ سلمان رفیق سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کے مسائل، ترقیاتی منصوبوں اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا خواجہ سعد رفیق نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت اور ان کے جرات مندانہ اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف سینہ تان کر کھڑے ہیں اور ملک دشمن عناصر کے خلاف بھرپور اقدامات کر رہے ہیں جبکہ گورننس کی بہتری کیلئے ان کی کوششیں قابل تعریف ہیں سردار ایاز صادق نے بھی بلوچستان حکومت کو درپیش چیلنجز اور اس سے نبرد آزما ہونے کی کوششوں کو سراہتے ہوئے صوبے کی ترقی اور امن و استحکام کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر نتیجہ خیز فیصلے کر رہے ہیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان میں ترقی اور استحکام کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان مضبوط تعاون ضروری ہے ملاقات میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے جاری منصوبوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اور امن و امان کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عیدالفطر کے دوسرے روز نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی وزیراعلیٰ اپنے رفقاء کے ہمراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے گھر پہنچے ملاقات کے دوران نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری میر عبیداللہ گورگیج، میر لیاقت علی لہڑی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں اس موقع پر صوبے کی مجموعی صورتحال اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ نے بلوچستان کی ترقی کے لیے تمام پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کی مثبت تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا تاکہ صوبے میں ترقی اور امن کو فروغ دیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع کے ہاں بھی گئے جہاں انہوں نے مولانا عبدالواسع اور ان کی جماعت کے رہنماؤں سے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر اور رہنماؤں سے اس ملاقات میں صوبے کے سیاسی امور اور ترقیاتی معاملات پر گفتگو ہوئی وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سیاسی ہم آہنگی اور مشترکہ ترقیاتی اہداف کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کے لیے مثبت تجاویز کو سراہا جائے گا ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مولانا عبدالواسع نے بھی وزیراعلیٰ اور ان کے وفد کو عید کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

## سیکورٹی فورسز کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں، میر سرفراز بگٹی

### صوبے کی ترقی و استحکام کے لیے تمام طبقات کو یکساں کردار ادا کرنا ہوگا، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید الفطر کی نماز کوئٹہ میں ادا کی ان کے ہمراہ صوبائی وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، اعلیٰ حکام اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔ نماز عید کے موقع پر ملکی ترقی، استحکام اور سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں نماز عید کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تمام اہلِ اسلام کو عید الفطر کی دلی مبارکباد پیش کی اس موقع پر انہوں نے سیکیورٹی فورسز کے شہداء اور غازیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج، ایف سی، پولیس اور لیویز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ان محافظوں کی بدولت عوام عید کی خوشیاں امن و اطمینان کے ساتھ منا رہے ہیں: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آج صوبائی وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، اعلیٰ حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معزز شخصیات نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شرکاء نے وزیر اعلیٰ کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کی اور صوبے کی ترقی وخوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آج صوبائی وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، اعلیٰ حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معزز شخصیات نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شرکاء نے وزیر اعلیٰ کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کی اور صوبے کی ترقی وخوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مہمانوں کے نیک جذبات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عید الفطر خوشیوں، بھائی چارے اور یکجہتی کا پیغام دیتی ہے انہوں نے اس موقع پر عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کی خوشیوں میں مستحق افراد کو بھی شامل کریں تا کہ حقیقی معنوں میں عید کی روح کو اجاگر کیا جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے کی ترقی و استحکام کے لیے تمام طبقات کو یکساں کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی خدمت اور ترقی کے سفر کو مزید آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے اور بلوچستان کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

## بلوچستان کی بیٹیاں ہر شعبے میں نمایاں خدمات انجام دے رہی ہیں، وزیر اعلیٰ

### وزیر اعلیٰ کا ایس پی ٹریفک شبانہ حبیب کیلئے حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ اور کیش ایوارڈ

### صوبائی حکومت انتظامی امور میں خواتین افسران کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن): وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایس پی ٹریفک شبانہ حبیب ترین کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ اور کیش ایوارڈ سے نوازا۔ یہ اعزاز انہیں ٹریفک مینجمنٹ میں ان کی غیر معمولی کارکردگی اور عوامی خدمت کے جذبے کے اعتراف میں دیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سائنس کالج کوئٹہ کے دورے کے دوران خاتون ٹریفک پولیس......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

افسر شبانہ حبیب ترین کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں کارکردگی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان کیا تھا جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے انہیں گزشتہ روز باقاعدہ اعزاز دیا گیا ایس پی ٹریفک شبانہ حبیب ترین وزیر اعلیٰ بلوچستان کی دعوت پر چیف منسٹر سیکرٹریٹ پہنچیں جہاں انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک بہرام خان کے ہمراہ وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اس موقع پر صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شبانہ حبیب ترین کی پیشہ ورانہ مہارت اور خدمات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہر طرح کے حالات میں اپنی ڈیوٹی انجام دیتی ہیں، جو قابل تحسین ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت انتظامی امور میں خواتین افسران کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 03 APR 2025

Page No. 6



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی و دیگر عید کے موقع پر مبارکباد دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جے یو آئی کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع ملاقات کر رہے ہیں



لاہور، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ن لیگ کے مرکزی رہنما خواجہ سعد رفیق، سردار ایاز صادق اور خواجہ سلمان رفیق سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ ہاؤس کوئٹہ میں عید الفطر کی نماز کے بعد قومی سلامتی اور امن کیلئے دعا کی جا رہی ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ تبادلہ خیال کر رہے ہیں



وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے

www.dailyintekhab.PK

intekhabnews@gmail.com,

Quetta Ph.081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 3 اپریل 2025ء بمطابق 4 شوال 1446ھ | شمارہ نمبر 91

# زیراعظم سے سرفراز بگٹی کی ملاقات، سیکورٹی صورتحال پر صلاح و مشورے

ات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی، صوبے کی اقتصادی وسماجی ترقی امن وامان کی بہتری اور وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعلیٰ نے صوبے میں جاری دہشت گردی کے حوالے سے بھی آگاہ کیا

چستان کی ترقی کیلئے وفاقی حکومت کی جانب سے بھرپور تعاون کیا جائے گا، وزیراعظم کی یقین دہانی، تعاون کی یقین دہانی خوش آئند ہے، وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبے بلوچستان کی معیشت کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات میں بلوچستان کی اقتصادی وسماجی ترقی، امن و امان کی بہتری اور وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے بعد سماجی رابطے کی سائٹ ایکس سابق ٹوئٹر پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وزیراعظم نے بلوچستان کی ترقی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے جو صوبے کے عوام کے لیے خوش آئند ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبے بلوچستان کی معیشت کو مستحکم کرنے اور عوامی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کریں گے

بقیہ نمبر38 صفحہ 5 پر

وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جارہے ہیں اور ترقی کے سفر میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کا عزم ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ تبادلہ خیال کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

8

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعرات 3 اپریل 2025ء بمطابق 04 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 90



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ایس پی ٹریفک شبانہ حبیب ترین کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور کیش پرائز دے رہے ہیں

بلوچستان کی ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل، تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں گے، وزیراعظم نے میر سرفراز بگٹی کو یقین دہانی کرا دی

وزیراعظم سے وزیراعلیٰ بلوچستان کی ملاقات


# بلوچستان کی ترقی کیلئے ہر ممکن تعاون کرینگے

شہباز شریف

بلوچستان کے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات عید کی مبارکباد دی دونوں رہنماؤں نے صوبے کی موجودہ اقتصادی سماجی اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی، وزیراعلیٰ بلوچستان کی محسن نقوی سے بھی ملاقات

وزیراعلیٰ بلوچستان نے جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے بھی آگاہ کیا، وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبے صوبے کی معیشت کو مستحکم کرنے اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے اہم کردار ادا کریں گے، میر سرفراز بگٹی

اسلام آباد (ن ن + این این آئی + آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ وزیراعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ قبل ازیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی ملاقات ہوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان نے وزیراعظم کو عید الفطر کی مبارکباد دی۔ ملاقات میں دونوں رہنماں نے بلوچستان کی موجودہ اقتصادی، سماجی اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی جبکہ وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے وزیراعظم کو صوبے کی ترقی کے حوالے سے موجودہ منصوبوں کی پیشرفت سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات میں بلوچستان کی اقتصادی وسماجی ترقی، امن وامان کی بہتری اور وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے بعد سماجی رابطے کی سائٹ ایکس سابق ٹوئٹر پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وزیراعظم نے بلوچستان کی ترقی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے جو صوبے کے عوام کے لیے خوش آئند ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبے بلوچستان کی معیشت کو مستحکم کرنے اور عوامی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کریں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ترقی کے سفر میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کا عزم ہے۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی لاہور میں وزیراعظم سے ملاقات جبکہ کوئٹہ میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا چیف سیکورٹی افسر محمد ہارون اور چیف منسٹر سیکرٹریٹ کے سیکورٹی جوانوں کے ہمراہ گروپ فوٹو



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ تبادلہ خیال کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALO[CHISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنیچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 110 | جمعرات، 4 شوال، 3 اپریل 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# وفاق اور صوبے کے درمیان مضبوط تعاون ضروری ہے، سرفراز بگٹی

## وزیراعلیٰ کی وزیراعظم، لیگی رہنماؤں سے ملاقات

وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کی ترقی کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی جو خوش آئند ہے، ایکس پر بیان

اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر نتیجہ خیز فیصلے کر رہے ہیں، ایاز صادق، سعد رفیق اور خواجہ سلمان رفیق سے ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات میں بلوچستان کی اقتصادی و سماجی ترقی، امن و امان کی بہتری اور وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

کے بعد سماجی رابطے کی سائٹ ایکس سابق ٹوئٹر پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وزیراعظم نے بلوچستان کی ترقی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے جو صوبے کے عوام کے لیے خوش آئند ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبے بلوچستان کی معیشت کو مستحکم کرنے اور عوامی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنماؤں سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق اور خواجہ سلمان رفیق سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کے مسائل، ترقیاتی منصوبوں اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا خواجہ سعد رفیق نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت اور ان کے جرات مندانہ اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف سینہ تان کر کھڑے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر نتیجہ خیز فیصلے کر رہے ہیں۔

# وزیراعلیٰ نے کوئٹہ میں نماز عید ادا کی، وزراء و اراکین اسمبلی کی ملاقات

## صوبے کی ترقی و استحکام کیلئے تمام طبقات کو یکساں کردار ادا کرنا ہوگا، بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عیدالفطر کی نماز کوئٹہ میں ادا کی ان کے ہمراہ صوبائی وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، اعلیٰ حکام اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔ نماز عید کے موقع پر ملکی ترقی، استحکام اور سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں نماز عید کے (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

بعد وزیراعلیٰ بلوچستان نے تمام اہل اسلام کو عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی اس موقع پر انہوں نے سیکیورٹی فورسز کے شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج، ایف سی، پولیس اور لیویز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان محافظوں کی بدولت عوام عید کی خوشیاں امن و اطمینان کے ساتھ منا رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کے موقع پر مستحقین کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کریں اور ایثار و بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دیں انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، اعلیٰ حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معزز شخصیات نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شرکاء نے وزیراعلیٰ کو عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مہمانوں کے نیک جذبات کو سراہا۔


# تمام پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لے کر چل رہے ہیں، سرفراز بگٹی

## سیاسی جماعتوں کی مثبت تجاویز کا خیر مقدم کرینگے تاکہ امن و ترقی کو فروغ ملے

وزیراعلیٰ کی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مولانا عبدالواسع سے ملاقات، مختلف امور پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عیدالفطر کے دوسرے روز نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی وزیراعلیٰ اپنے رفقاء کے ہمراہ (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے گھر پہنچے ملاقات کے دوران نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری میر عبیداللہ گورگیج، میر لیاقت علی لہڑی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں اس موقع پر صوبے کی مجموعی صورتحال اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ نے بلوچستان کی ترقی کے لیے تمام پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کی مثبت تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا تاکہ صوبے میں ترقی اور امن کو فروغ دیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع کے ہاں بھی گئے جہاں انہوں نے مولانا عبدالواسع اور ان کی جماعت کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔



لاہور، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماؤں سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق اور خواجہ سلمان رفیق کے ہمراہ گروپ فوٹو



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو سیکرٹریز اور دیگر شخصیات عیدالفطر کی مبارکباد دے رہی ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

روزنامہ زمانہ


Bullet No. 1

Page No. 11


جمعرات 4 شوال المکرم 1446ھ 3 اپریل 2025ء



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی عید الفطر کی نماز ادا کر رہے ہیں، صوبائی وزراء و دیگر بھی موجود ہیں



☆☆☆☆☆☆☆ لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆



لاہور، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا مسلم لیگ کے مرکزی رہنماؤں سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق اور خواجہ سلمان کے ہمراہ گروپ فوٹو



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے ملاقات کر رہے ہیں، صوبائی وزراء بھی موجود ہیں



☆☆☆☆☆☆ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ تبادلہ خیال کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | FaX:2839867 Ph :2839851 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 46

جمعرات 3 اپریل 2025ء | 4 شوال | 1446ھ | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10


## سرفراز بگٹی کی وزیراعظم اور سیاسی رہنماؤں سے ملاقاتیں

# بلوچستان کی ترقی کیلئے ہر ممکن تعاون کرینگے

## شہباز شریف

**بلوچستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل، تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے، وزیراعظم کی گفتگو، وزیراعلیٰ نے موجودہ منصوبوں کی پیشرفت سے آگاہ کردیا**

**وزیراعلیٰ کی سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق، ڈاکٹر مالک بلوچ اور مولانا واسع سے ملاقاتیں، تمام پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے، مثبت تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا، سرفراز بگٹی**

لاہور (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی ملاقات۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے وزیراعظم کو عید الفطر کی مبارکباد دی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی موجودہ اقتصادی، سماجی اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی۔ ملاقات کے دوران وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

وزیراعلیٰ بلوچستان نے وزیراعظم کو صوبے کی ترقی کے حوالے سے موجودہ منصوبوں کی پیشرفت سے آگاہ کیا. وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی. وزیراعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات میں بلوچستان کی اقتصادی وسماجی ترقی، امن وامان کی بہتری اور وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے بعد سماجی رابطے کی سائٹ ایکس سابق ٹوئٹر پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وزیراعظم نے بلوچستان کی ترقی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے جو صوبے کے عوام کے لیے خوش آئند ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے جاری منصوبے بلوچستان کی معیشت کو مستحکم کرنے اور عوامی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کریں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جارہے ہیں اور ترقی کے سفر میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کا عزم ہے۔ جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو یہاں پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنماؤں سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق اور خواجہ سلمان رفیق سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کے مسائل، ترقیاتی منصوبوں اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا خواجہ سعد رفیق نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت اور ان کے جرات مندانہ اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف سینہ تان کر کھڑے ہیں اور ملک دشمن عناصر کے خلاف بھرپور اقدامات کررہے ہیں جبکہ گورننس کی بہتری کیلئے ان کی کوششیں قابل تعریف ہیں سردار ایاز صادق نے بھی بلوچستان حکومت کو درپیش چیلنجز اور اس سے نبرد آزما ہونے کی کوششوں کو سراہتے ہوئے صوبے کی ترقی اور امن واستحکام کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر نتیجہ خیز فیصلے کر رہے ہیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان میں ترقی اور استحکام کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان مضبوط تعاون ضروری ہے ملاقات میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے جاری منصوبوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اور امن وامان کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید الفطر کے دوسرے روز نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی وزیراعلیٰ اپنے رفقاء کے ہمراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے گھر پہنچے ملاقات کے دوران نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری میر عبیداللہ گورگیج، میر لیاقت علی لہڑی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں اس موقع پر صوبے کی مجموعی صورتحال اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ نے بلوچستان کی ترقی کے لیے تمام پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کی مثبت تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا تاکہ صوبے میں ترقی اور امن کو فروغ دیا جاسکے وزیراعلیٰ بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع کے ہاں بھی گئے جہاں انہوں نے مولانا عبدالواسع اور ان کی جماعت کے رہنماؤں سے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر اور رہنماؤں سے اس ملاقات میں صوبے کے سیاسی امور اور ترقیاتی معاملات پر گفتگو ہوئی وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سیاسی ہم آہنگی اور مشترکہ ترقیاتی اہداف کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کے لیے مثبت تجاویز کو سراہا جائے گا ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مولانا عبدالواسع نے بھی وزیراعلیٰ اور ان کے وفد کو عید کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، اعلیٰ حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معزز شخصیات نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شرکاء نے وزیراعلیٰ کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کی اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مہمانوں کے نیک جذبات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عید الفطر خوشیوں، بھائی چارے اور یکجہتی کا پیغام دیتی ہے انہوں نے اس موقع پر عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کی خوشیوں میں مستحق افراد کو بھی شامل کریں تاکہ حقیقی معنوں میں عید کی روح کو اجاگر کیا جاسکے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے کی ترقی واستحکام کے لیے تمام طبقات کو یکساں کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی خدمت اور ترقی کے سفر کو مزید آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے اور بلوچستان کی خوشحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 03 APR 2025

Page No. 15

# معاشی استحکام میں علاقائی تجارت کا فروغ اہم کردار ادا کرسکتا ہے، جام کمال

وفاقی حکومت زراعت میں جدت پیدا کرکے اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لئے کوشاں ہے، وفاقی وزیر تجارت

ملکی معیشت بہتر ہورہی ہے زمینداروں کے مسائل حل کرنے کے لیئے تمام ممکن اقدامات کریں گے، مختلف وفود سے گفتگو

اوتھل (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ معاشی استحکام میں علاقائی تجارت کا فروغ اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ وفاقی حکومت زراعت میں بھی جدت پیدا کرکے اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیئے کوشاں ہے۔ ملکی معیشت بہتر ہورہی ہے زمینداروں کے مسائل حل کرنے کے لیئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں جائیں گے زمینداروں کے لیے منظور ہونے والے سولر سسٹم بورکی ........

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

لسبیلہ میں جلد بحالی کے لیے صوبائی و وفاقی حکومت سے بات کروں گا ان خیالات کا اظہار معروف زمینداروں محمد صدیق چنہ کی قیادت میں ملنے والے وفد سے ولجہ ماسن گنگو کی رہائشگاہ پر گفتگو کرتے ہوئے کیا جہاں پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے مختلف وفود سے ملاقاتیں کیں اور لوگوں سے عید ملے۔ اس موقع پر محمد صدیق چنہ کی قیادت میں زمینداروں کے ایک وفد نے ملاقات بھی کی اور زمینداروں نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا جس پر انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کے زمیندار زراعت کے پرانے اور روایتی نظام کو چھوڑ کر جدید طریقوں سے استفادہ حاصل کرکے ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کریں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وہ لسبیلہ کے عوام کے مسائل حل کرنے کے لیئے ہمیشہ کوشاں رہے ہیں اور اب بھی ان کے اجتماعی مسائل حل کرانے میں کوئی فروگزاشت نہیں کریں گے۔ جام کمال خان نے کہا ہے لسبیلہ میں ترقیاتی کام جاری ہیں مذید بھی ترقیاتی کاموں کے لیے اقدامات کررہے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ لسبیلہ کی عوام سے ہمارا دیرینہ پیار، محبت کا رشتہ ہے جس کو کوئی ختم نہیں کرسکتا ہیں اس موقع پر جام گروپ کے سینئر رہنما وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ سردار غلام فاروق شیخ، سید عبدالحفیظ شاہ، پیر غلا شاہ جیلانی اور سیاسی و سماجی شخصیات سمیت کارکنان کثیر تعداد میں موجود تھی۔

# ٹرین کو یرغمال بنانا، لوگوں کو شناخت کرکے قتل کرنا کسی طور پر قبول نہیں، رانا ثنا اللہ

ماہرنگ بلوچ اور خیبر پختون خواہ کے لوگوں کو ہم دہشت گرد نہیں کہتے، ان لوگوں کو دہشت گردانہ کارروائیوں کی مذمت کرنی چاہیے

ملک معاشی بحران سے نکل چکا ہے، مہنگائی کی رفتار رک چکی ہے، اب مہنگائی مزید نیچے آئے گی اور غریب کو ریلیف ملے گا، مشیر داخلہ کی گفتگو

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی وعوامی امور رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ بے گناہ معصوم شہریوں کو شہید کرنا، ٹرین کو یرغمال بنانا اور بسوں سے لوگوں کو عام شہریوں کو اتار کر شناخت کر کے قتل کرنا کسی طور پر قبول نہیں، ماہرنگ بلوچ اور خیبر پختون خواہ کے لوگوں کو ہم دہشت گرد نہیں کہتے، ان لوگوں کو دہشت گردانہ کارروائیوں کی مذمت کرنی چاہیے، ملک معاشی بحران ........

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

سے نکل چکا ہے، مہنگائی کی رفتار رک چکی ہے، اب مہنگائی مزید نیچے آئے گی اور غریب کو ریلیف ملے گا، بلوچستان کی ترقی کا ہر مطالبہ پورا کیا جائیگا۔ سیکرٹریٹ میں عیدالفطر کی نماز ادا کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قوم کا دوٹوک فیصلہ ہے کہ دہشت گردی کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی کسی بھی دہشت گرد کا مطالبہ پورا نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ معصوم شہریوں کو شہید کرنا، ٹرین کو یرغمال بنانا اور بسوں سے لوگوں کو عام شہریوں کو اتار کر شناخت کر کے قتل کرنا کسی طور پر قبول نہیں ہے، ہر عوامی احتجاج قابل قبول ہوگا، لوگ مظاہرہ کریں یا کوئی بھی مطالبہ کریں، ان کا مطالبہ نہ صرف مانا جائے گا بلکہ پورا بھی کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ایک مخلوط حکومت ہے اگرچہ یہ حکومت وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں کامیاب معاشی استحکام لا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام بیرونی ادارے پاکستان کی معاشی حالت کے بہتر ہونے کا اقرار کررہے ہیں اور وہ یہ بھی مانتے ہیں کہ مہنگائی کی رفتار رک چکی ہے، اب مہنگائی مزید نیچے آئے گی اور غریب کو ریلیف ملے گا۔

# قیام امن اور مثبت تبدیلی کے لیے سرگرم عمل ہیں، فیصل جمالی

عوام کی زندگیوں میں خوشحالی کے لیے دستیاب وسائل بروئے کار لارہے ہیں

حکومت عوام کے ساتھ ہے اور ہر شعبے میں ترقی کے لیے سنجیدہ کوششیں جاری ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) میں امن وامان کے قیام اور لوگوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے بڑے پیمانے پر اقدامات کیے جارہے ہیں صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں امن وامان کے قیام کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں، اور عوام کی زندگیوں میں خوشحالی لانے کے لیے........

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے عید کے موقع پر مبارکباد دینے کے لیے آنے والے لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت عوامی فلاح وبہبود کے منصوبوں پر بھرپور توجہ دے رہی ہے اور ترقیاتی کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جارہا ہے صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ لوگوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کے ساتھ ہے اور ہر شعبے میں ترقی کے لیے سنجیدہ کوششیں جاری ہیں۔ عید کے موقع پر انہوں نے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ تہوار محبت، بھائی چارے اور خوشحالی کا پیغام لے کر آیا ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام سے جو بھی وعدہ کیا تھا انہیں پورا کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی انشاءاللہ مستقبل قریب میں کیے گئے وعدے پورے دکھائی دینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 03 APR 2025 Page No. 12


## ڈی سی کوئٹہ، ڈی جی PDMA کا کوئٹہ جیل کا دورہ

### قیدیوں سے ملاقاتوں میں مسائل سنے، ان میں عیدی اور مٹھائی تقسیم کی

### حکومت قیدیوں کی فلاح و بہبود کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، سعد بن اسد

کوئٹہ (خ ن) عید الفطر کے پہلے روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد اور ڈائریکٹر جنرل پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) جہانزیب خان نے ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے جیل کے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا اور وہاں موجود قیدیوں سے ملاقات کی۔ ڈپٹی کمشنر اور ڈی جی پی ڈی ایم اے نے قیدیوں میں عیدی اور مٹھائیاں تقسیم کیں اور ان سے فرداً فرداً بات چیت کرتے ہوئے ان کے مسائل سنے۔ قیدیوں نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا، جن میں قانونی، طبی اور بنیادی سہولیات سے متعلق امور شامل تھے۔ افسران نے قیدیوں کو یقین دہانی کرائی کہ ان کے مسائل کو جلد از جلد حل کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ بعد ازاں، ڈپٹی کمشنر اور ڈی جی پی ڈی ایم اے نے سپرنٹنڈنٹ جیل سے ملاقات کی اور جیل میں درپیش انتظامی و بنیادی سہولیات کے مسائل پر تفصیلی گفتگو کی۔ ملاقات میں جیل میں صفائی، پانی کی فراہمی، صحت کی سہولیات اور دیگر اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ افسران نے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی تاکہ قیدیوں کو بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد نے کہا کہ حکومت قیدیوں کے حقوق اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ جیل انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ قیدیوں کے مسائل کے حل کے لئے اپنی کوششوں کو مزید مؤثر بنائیں۔ یہ دورہ انسانی ہمدردی کے جذبات کے تحت کیا گیا تاکہ عید کے موقع پر قیدیوں کو بھی خوشیوں میں شامل کیا جا سکے اور ان کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے عملی اقدامات کیے جا سکیں۔

## ایس پی شبانہ حبیب کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا

### وزیراعلیٰ نے ایوارڈ خاتون آفیسر کو عوامی خدمت کے جذبے کے اعتراف میں دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایس پی ٹریفک شبانہ حبیب ترین کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ اور کیش ایوارڈ سے نوازا۔ یہ اعزاز انہیں ٹریفک مینجمنٹ میں ان کی غیر معمولی کارکردگی اور عوامی خدمت کے جذبے کے اعتراف میں دیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے سائنس کالج کوئٹہ کے دورے کے دوران خاتون ٹریفک پولیس افسر شبانہ حبیب ترین کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں کارکردگی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان کیا تھا جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے انہیں گزشتہ روز باقاعدہ اعزاز دیا گیا ایس پی ٹریفک شبانہ حبیب ترین وزیراعلیٰ بلوچستان کی دعوت پر چیف منسٹر سیکرٹریٹ پہنچیں جہاں انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک بہرام خان کے ہمراہ وزیراعلیٰ سے ملاقات کی اس موقع پر صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے شبانہ حبیب (باقی صفحہ 5 نمبر 52)

ترین کی پیشہ ورانہ مہارت اور خدمات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہر طرح کے حالات میں اپنی ڈیوٹی انجام دیتی ہیں، جو قابل تحسین ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت انتظامی امور میں خواتین افسران کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے اور بلاشبہ بلوچستان کی باصلاحیت خواتین افسران ہر سطح پر اپنی صلاحیتوں کو منوا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس میں مقامی خواتین کی بڑی تعداد شامل ہو رہی ہے، جو ایک خوش آئند عمل ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پولیس اور ایف سی بلوچستان میں خواتین کی شمولیت ایک غیر معمولی اور مثبت تبدیلی کی علامت ہے، اور انتظامی ڈھانچے میں خواتین افسران کی بڑھتی ہوئی تعداد صوبے میں امن و امان کے قیام میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی بیٹیاں ہر شعبے میں نمایاں خدمات انجام دے رہی ہیں جس پر پورے صوبے کو فخر ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 APR 2025 Page No. 19


## چمن، افغان شہریوں کی وطن واپسی کیلئے تیاریاں، 2 کیمپس قائم

**پاکستان میں موجود 18 لاکھ افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو بے دخلی کا سامنا ہوگا، بائیو میٹرک کیا جائیگا**

چمن (نورزمان اچکزئی) چمن میں افغان شہریوں کی باب دوستی سے وطن واپسی کیلئے تیاریاں جاری ہیں، رضاکارانہ وطن واپسی کی ڈیڈلائن گزرنے کے بعد عیدالفطر کی تعطیلات کے باعث ملک بدری کا عمل تاخیر کا شکار ہوا ہے۔ آج جمعرات سے ملک بدری آپریشن شروع کیا جائے، اس سلسلے میں چمن میں دو دو ہولڈنگ کیمپس قائم کیے گئے ہیں

پاکستان میں موجود 8 لاکھ افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو بے دخلی کا سامنا ہوگا۔ 31 مارچ کے بعد سے افغان شہریوں کی جبری پاکستان بدری آپریشن شروع کیا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی کے مطابق چمن میں دو دو ہولڈنگ کیمپ قائم کر دیئے گئے ہیں۔ پاک افغان بارڈر کراسنگ پوائنٹ باب دوستی پر ڈینا میں کیمپ قائم کر دیا گیا ہے۔ افغان فیملیز کیلئے رات قیام کیلئے جمال ناصر فٹبال اسٹیڈیم کو ہولڈنگ کیمپ ڈیکلیئر کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ مختلف اضلاع سے افغانستان جانے والی افغان فیملیز کو چمن میں ہر سہولت فراہم کی جائے گی۔ باب دوستی کیمپ میں نادرا کی جانب سے افغان شہریوں کا بائیو میٹرک کیا جائے گا۔ کسی وجہ سے باب دوستی کراس کرنے سے رہ جانے والے افغان فیملیز کو قیام کی سہولت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جمال ناصر اسٹیڈیم میں افغان فیملیز کو کھانا رہائش مفت دی جائے گی۔ کنٹرول روم کے مطابق نیشنل ایکشن پلان فیز ٹو کے تحت افغان کارڈ ہولڈرز اور غیر قانونی مقیم شہریوں کو بے دخل کیا جائے گا۔ مہم کے پہلے مرحلے میں 8 لاکھ افغان شہریوں کو ملک بدر کیا گیا۔ امریکا اور دیگر ممالک جانے کیلئے 37 ہزار افغان شہری بھی پاکستان میں موجود ہیں۔ پاکستان میں موجود ان 37 ہزار افغان شہریوں کو ستمبر تک کی سہولت ہے۔ ستمبر تک متعلقہ ممالک نے ویزا نہ دیا تو یہ افغانی بھی افغانستان بھیجے جائیں گے۔

---

MASHRIQ QUETTA

## مہاجرین کی رضاکارانہ واپسی کی ڈیڈ لائن ختم، واپس بھیجنے کا عمل شروع

**2013 سے اب تک 65 [illegible]**

کوئٹہ (آن لائن) ملک بھر سے افغان مہاجرین کی رضاکارانہ واپسی کی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد انہیں واپس بھیجنے کا عمل شروع کیا جارہا ہے ذرائع کے مطابق ........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

طالبان کے طرز پر گورننس ماڈل میں تبدیل کر دیا "وزارتیں"، انتظامی صوبے (ولایات) اور سخت ضابطہ اخلاق شامل ہیں تاکہ داخلی معاملات کو منظم کیا جا سکے، خفیہ رپورٹس کے مطابق ٹی ٹی پی کا مالی نظام بہت منظم ہے جو غیر قانونی ذرائع جیسے بھتہ خوری (جو کل آمدنی کا 5-20 فیصد تک ہو سکتا ہے)، سمگلنگ اور اغوا سے آمدنی حاصل کرتا ہے، سیکیورٹی ماہرین نے کہا ٹی ٹی پی نے اپنے اندرونی مالی بدعنوانی کو روکنے کیلئے سخت ضابطہ نافذ کیا جس سے مالی وسائل مسلسل فراہم ہوتے رہتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 APR 2025 Page No. 20

# بی این پی دھرنا، مذاکرات سے معاملے کو حل کیا جائے، نیشنل پارٹی اور سپریم کورٹ بار کا اتفاق

## میاں رؤف عطا کی ڈاکٹر عبدالمالک سے ملاقات، سیاسی جماعتوں کی سنجیدگی میں کمی پر تشویش کا اظہار کیا

بارڈر مینجمنٹ، وسائل کی منصفانہ تقسیم اہم مسائل لیکن عوامی تحفظ، سکون پر فوقیت حاصل نہیں کر سکتے، ملاقات میں اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن میاں رؤف عطا نے بلوچستان کے مسائل کے مستقل حل کیلئے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک سے ملاقات کی، سیاسی جماعتوں کی سنجیدگی میں کمی پر تشویش کا اظہار کیا گیا، سپریم کورٹ ....... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بار ایسوسی ایشن سے جاری بیان کے مطابق صدر بار میاں رؤف عطا، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی ملاقات میں سینئر میر کبیر شاہی بھی موجود تھے، ملاقات بلوچستان میں موجودہ صورتحال کے پیش نظر تمام قومی سیاسی جماعتوں کو متحد کرنے کی کوشش کے تناظر، بلوچستان کے مسائل کے طویل مدتی حل کی تشکیل پر مبنی وسیع تر بحث و مباحثے پر مشتمل تھی، اعلامیے میں کہا گیا دونوں فریقین نے اتفاق کیا بارڈر مینجمنٹ، وسائل کی منصفانہ تقسیم اہم صوبائی مسائل ہیں لیکن عوامی تحفظ اور شہریوں کے سکون پر فوقیت حاصل نہیں کر سکتے، بلوچستان کے مسائل پر دیگر مرکزی سیاسی جماعتوں کی سنجیدگی کی کمی پر بھی مشترکہ تشویش کا اظہار کیا گیا، ملاقات میں زور دیا گیا بلوچستان کے چیلنجز کا واحد قابل عمل حل جمہوری فریم ورک اور سیاسی طریقہ کار کے اندر موجود ہے۔

# سرفراز بگٹی کو بی این پی مینگل کیساتھ معاملات طے کرنے کا مشورہ دیدیا، مالک بلوچ

## 16 ایم پی اے اور 3 ایم پی اے طاقتوروں کے ہتھکنڈے ہیں، خواتین و دیگر سیاسی کارکنوں کی گرفتاری سے حالات مزید خراب ہوں گے

بلوچستان کا مسئلہ پرامن بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے، وزیراعلیٰ کا پیغام سردار اختر مینگل تک پہنچائیں گے، صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سربراہ نیشنل پارٹی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ملاقات کی، سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا وزیراعلیٰ بلوچستان کو بی این پی مینگل کے ساتھ معاملات طے کرنے کا مشورہ دیا، خواتین و دیگر سیاسی کارکنوں کی گرفتاری سے صوبے میں حالات مزید خراب ہوں گے، آگ .......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پر پانی ڈالنے والے لوگ ہیں، چاہتے ہیں بی این پی مینگل، حکومت باعزت طریقہ اپنائے، پارٹی وفود کی گزشتہ روز سردار اختر مینگل سے بھی ملاقات ہوئی، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا 16 ایم پی او اور 3 ایم پی او طاقتوروں کے ہتھکنڈے ہیں، بلوچستان کا مسئلہ پرامن بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے، امن لانے کیلئے کرپشن پر قابو پایا جائے، وزیراعلیٰ کا پیغام سردار اختر مینگل تک پہنچائیں گے، بلوچستان میں سیاسی کارکنوں کی پکڑ دھکڑ کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

# حقوق کی ہر پرامن جہدوجہد کی حمایت کرتے ہیں، اسلم رئیسانی

## ہم نے ہمیشہ کثیرالقومی فیڈریشن اور عوام کے جائز حقوق کیلئے آواز بلند کی

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچ قومی حقوق کی ہر پرامن جہدوجہد کی حمایت کی ہے اور کرتے رہیں گے، کینسر کے مرض میں مبتلا اپنے بیٹے کے علاج کے سلسلے میں بلوچستان سے باہر ہوں، اپنے نمائندوں کے ذریعے سردار اختر جان مینگل کو لانگ مارچ اور دھرنے کی حمایت کا پیغام بھیجا تھا، ڈاکٹر ماہ رنگ اور بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

دیگر گرفتار خواتین اور ساتھیوں کو فوری رہا، لاپتہ افراد کو منظر عام پر لایا جائے، یہ بات انہوں نے بین الاقوامی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا کہ ہم ہر پرامن بلوچ قومی تحریک کی حمایت کرتے ہیں میں اپنے بیٹے کے کینسر کے علاج کی غرض سے بلوچستان سے باہر ہوں اس وجہ سے لانگ مارچ یا دھرنا میں شریک نہیں ہوسکا، اپنے نمائندوں کے ذریعے سردار اختر جان مینگل کو لانگ مارچ اور دھرنے کی حمایت کا پیغام بھیجا تھا ہم نے ہمیشہ اس کثیرالقومی فیڈریشن میں بلوچ قومی حقوق کی ہر پرامن جہدوجہد کی حمایت کی اور کرتے رہیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ان کے بیٹے نوابزادہ میر یادگار رئیسانی کو اس وقت گلے کا کینسر لاحق ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 APR 2025 Page No. 21

## حکومت مظاہرین ڈیڈ لاک برقرار، سردار اختر مینگل آج آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کرینگے

پی ٹی آئی کا وفد سلمان اکرم راجہ اور لطیف کھوسہ کی قیادت میں بدھ کو بی این پی کے دھرنے میں اظہار یکجہتی کے لئے گیا

ملی اتحاد کونسل کے رہنما صاحبزادہ حامد رضا بھی دھرنا گاہ گئے، حکومتی وفد کی دوسری کوشش میں بھی مذاکرات ناکام رہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے لکپاس پر بی این پی کا احتجاجی دھرنا جاری حکومتی اور مظاہرین کے درمیان ڈیڈ لاک برقرار، سردار اختر جان مینگل آج آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچ یکجہتی کمیٹی ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کی سربراہ ڈاکٹر ماہرنگ بلوچ، بیبو بلوچ سمیت دیگر گرفتار خواتین کی رہائی کیلئے مستونگ کے علاقے لک پاس پر بی این پی کا دھرنا پارٹی سربراہ سردار اختر مینگل کی قیادت میں جاری ہے۔ بدھ کو دھرنے میں پی ٹی آئی کے مرکزی قائدین اظہار یکجہتی کے لیئے گئے وفد میں پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ مرکزی رہنما سابق گورنر پنجاب لطیف کھوسہ اپوزیشن رہنما علامہ راجہ ناصر عباس، شائستہ کھوسہ ملی اتحاد کونسل کے مرکزی رہنما صاحبزادہ حامد رضا بھی دھرنا گاہ گئے جہاں انہوں نے سردار اختر مینگل سے اظہار یکجہتی کیا جبکہ دھرنے میں پارٹی کے مرکزی اور ضلعی رہنماؤں سمیت کارکنان بڑی تعداد میں شریک ہیں دھرنے کے شرکاء کا مطالبہ ہے کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی کی رہنما ماہ رنگ سمیت بلوچ یکجہتی کمیٹی کے تمام گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو رہا کیا جائے بصورت دیگر وہ اپنا احتجاج جاری رکھیں گے۔ دوسری جانب وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلوچ کی سربراہی میں حکومتی وفد نے گزشتہ شب دوسری بار سردار اختر مینگل سے مذاکرات کیے تاہم تاحال مذاکرات تعطل کا شکار ہیں۔

## بی این پی کے مطالبات جائز، اختر مینگل کے دھرنے کی حمایت کرتے ہیں: سلمان اکرم راجہ

عمران خان کی سیاست کی منزل اقتدار نہیں بلکہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی اور جمہور کی حقیقی آزادی ہے، لطیف کھوسہ

پی ٹی آئی بلوچستان کی قیادت کو گھمبیر حالات میں عمران خان کے نظریے کو گھر گھر پہنچانے پر داد دیتے ہیں، کوئٹہ پہنچنے پر اظہار خیال

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل بیرسٹر سلمان اکرم راجا اور سینئر قانون دان ایم این اے لطیف کھوسہ کا کوئٹہ پہنچے پر صوبائی ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

صدر بلوچستان دواد شاہ کاکڑ اور سینئر قیادت نے ایئر پورٹ پر پرتپاک استقبال کیا اس موقع پر مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی محبت اور جذبے نے دل خوش کردیا ہے میں پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کی قیادت کو بلوچستان کی گھمبیر اور حالت جنگ جیسی صورتحال میں عمران خان کے نظریے کو گھر گھر پہنچانے پر داد دیتا ہوں بلوچستان بھی بہت جلدی کے پی کے کی طرح پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کا مضبوط قلعہ ہوگا بعد ازاں پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا، ایم این اے ایڈوکیٹ لطیف کھوسہ، صوبائی صدر داود شاہ کاکڑ اور دیگر سینئر قیادت بی این پی مستونگ دھرنے میں سردار اختر مینگل سے اظہار یکجہتی کیلئے دھرنے کے لئے روانہ ہوگئے لیکن بلوچستان حکومت نے پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی و صوبائی قیادت کو نیشنل پارٹی لک پاس مستونگ دھرنے سے روکنے کے لئے خندقیں کھود دیں جو بلوچستان حکومت کی آمرانہ پالیسیوں کی عکاسی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف بلوچ یکجہتی کمیٹی ماہ رنگ بلوچ اور بے گناہ گرفتار کارکنان کی گرفتاری کی مذمت کرتی ہے پاکستان تحریک انصاف اختر مینگل نیشنل پارٹی کی احتجاجی مظاہرے کی بھرپور حمایت کرتی ہے کیونکہ عمران خان کی سیاست کی منزل اقتدار نہیں بلکہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی اور جمہور کی حقیقی آزادی ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 APR 2025 Page No. 22

# جلد ہی بلوچستان تحریک انصاف کا مضبوط قلعہ ہوگا، سلمان اکرم راجہ

## عمران خان کی منزل اقتدار نہیں بلکہ ملک میں آئین وقانون کی بالادستی اور جمہوریت کی حقیقی آزادی ہے، لطیف کھوسہ

## تحریک انصاف بلوچ خواتین کی گرفتاری کی مذمت، اور اختر مینگل کے احتجاج کی حمایت کرتی ہے، کوئٹہ آمد پر میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل بیرسٹر سلمان اکرم راجا اور سینئر قانون دان ایم این اے لطیف کھوسہ کا کوئٹہ پہنچنے پر صوبائی صدر بلوچستان دواد شاہ کاکڑ اور سینئیر قیادت ائیر پورٹ پر پرتپاک استقبال کیا اس موقع پر مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی محبت اور جذبے نے دل خوش کردیا ہے میں پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کی قیادت کو بلوچستان کی گمبیھر اور حالت جنگ جیسی صورتحال میں عمران خان کے نظریے کو گھر گھر پہنچانے پر داد دیتا ہوں بلوچستان بھی بہت جلدی کے پی کے کی طرح پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کا مضبوط

بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

بقیہ ا

قلعہ ہوگا بعد ازاں پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا، ایم این اے ایڈوکیٹ لطیف کھوسہ، صوبائی صدر داود شاہ کاکڑ اور دیگر سینئیر قیادت بی این پی مستونگ دھرنے میں سردار اختر مینگل سے اظہار یکجہتی کیلئے دھرنے کے لئے روانہ ہوگئے لیکن بلوچستان حکومت نے پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی وصوبائی قیادت کو نیشنل پارٹی لک پاس مستونگ دھرنے سے روکنے کے لئے خندقیں کھود دی گئی جو بلوچستان حکومت کی امرانہ پالیسیوں کی عکاسی کرتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان تحریک انصاف بلوچ یکجہتی کمیٹی ماہ رنگ بلوچ اور بے گناہ گرفتار کارکنان کی گرفتاری کی مذمت کرتی ہے پاکستان تحریک انصاف اختر مینگل نیشنل پارٹی کی احتجاجی مظاہرے کی بھرپور حمایت کرتی ہے کیونکہ عمران خان کی سیاست کی منزل اقتدار نہیں بلکہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی اور جمہور کی حقیقی آزادی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 03 APR 2025 Page No. 23


## قلعہ سیف اللہ، عیدگاہ کے قریب نصب دیسی ساختہ بم برآمد

**فورسز نے بم ناکارہ بنا کر قبضے میں لے لیا، مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے**

**بم عید کی نماز کیلئے آنے والوں کیلئے تخریب کاری کی غرض سے نصب کیا گیا تھا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قلعہ سیف اللہ لیویز اور پولیس نے تخریب کاری کا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے عیدگاہ کے قریب نصب دیسی ساختہ بم ناکارہ بنادیا۔.........

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

تفصیلات کے مطابق عید سے قبل نامعلوم ملزمان نے دہشت گردی کی غرض سے قلعہ سیف اللہ میں عیدگاہ کے قریب دیسی ساختہ آئی ای ڈی بم نصب کر رکھا تھا جس کی اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز پولیس اور لیویز نے ناکارہ بنا کر قبضے میں لے لیا بم عید کی نماز کیلئے آنے والوں کیلئے تخریب کاری کی غرض سے نصب کیا گیا تھا مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

## بولان میل کو سیکیورٹی خدشات پر جیکب آباد میں روک لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کراچی سے کوئٹہ آنے والی بولان میل ٹرین کو جیکب آباد میں سیکورٹی خدشات کے پیش نظر روک لیا گیا ریلوے حکام کے مطابق بولان میل کو سیکیورٹی خدشات کی بنا پر روکا گیا ہے، جیکب آباد میں.........

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

روکی گئی بولان میل کو بدھ کو روانہ کیا گیا دوسری جانب کوئٹہ سے کراچی کے لیے بولان میل کی روزانہ کی بنیاد پر روانگی تاحال ممکن نہیں ہوسکی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 APR 2025 Page No. 24

# افغان مہاجرین کی وطن واپسی ناگزیر

وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی الگ الگ ملاقاتوں میں سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر داخلہ نے وزیراعظم کو ملک میں سیکیورٹی کے لیے کیے گئے اقدامات اور افغان باشندوں کی وطن واپسی کے عمل کی پیشرفت کے حوالے سے آگاہ کیا۔وزیراعظم نے بالخصوص عیدالفطر کے موقع پر ملک میں امن وامان کی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی وزیراعظم سے ملاقات میں بلوچستان کی موجودہ اقتصادی، سماجی اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو اور وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہباز شریف کو صوبے کی ترقی کے حوالے سے موجودہ منصوبوں کی پیشرفت سے آگاہ کیا۔وزیر اعظم نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ان کا کہنا تھا کہ صوبے کی ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔اس کے علاوہ بلوچستان میں افغان مہاجرین کی حوالے سے بھی بہت کام کی ضرورت ہے غیر قانونی طور پر مقیم تمام افغان باشندے کو بھیجنے کے لئے جو ڈیڈ لائن دی گئی تھی وہ ختم ہونے کے بعد آپریشن بھی شروع ہو چکے ہیں لیکن ان آپریشن میں جلد از جلد تیزی لانے کی ضرورت ہے تاکہ افغان باشندوں کو سرحد پار ان کے اپنے وطن بھیجا جا سکے۔حکومت پاکستان کی جانب سے غیر قانونی، غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو واپس بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا۔غیر قانونی مقیم اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو پاکستان چھوڑنے کی ڈیڈ لائن ختم ہو چکی ہے، یکم اپریل تک پاکستان چھوڑنے والے غیر قانونی افغان باشندوں کی کل تعداد 886,242 تک پہنچ چکی ہے اور واپسی کا یہ سلسلہ جاری اور ساری ہے۔حکومت پاکستان کے فیصلے کے مطابق ملک چھوڑنے کی ڈیڈ لائین ختم ہو گئی ہے،اب چونکہ مقررہ تاریخ گزر گئی ہے اس لیے متعلقہ افراد کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔چار عشرے سے بھی زائد عرصہ قبل سوویت یونین کے افغانستان پر حملے کے بعد پاکستان نے جذبہ اخوت کے تحت 40 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کو اپنے ہاں اقامت کی اجازت دی تھی۔اسلامیانِ پاکستان نے انصار بن کر ان لاکھوں افغانوں کو اپنے ہاں پناہ دی تھی۔پاکستان نے فیاضی اور اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک بار پھر تقریباً تین ماہ کا وقت دیا تھا کہ اس دوران پاکستان میں مقیم غیر قانونی افغانوں سمیت تمام غیر ملکی نکل جائیں۔جنوری 2025ء میں وزیر اعظم، جناب شہباز شریف، نے افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو یہ وقت فراہم کیا تھا کہ اس عرصے میں وہ باوقار انداز میں پاکستان سے نکل جائیں۔اب بھی اگر وہ ڈھٹائی سے نہ نکلے تو زبردستی اور گرفتاریوں کا عمل بروئے کار آئے گا۔غیر قانونی افغانوں کو پاکستانی حکام کو مزید کسی آزمائش میں ڈالنے سے اعراض اور گریز کرنا چاہیے۔حالات اور وقت کا تقاضہ ہے کہ اقوام متحدہ اور وہ ممالک جنہوں نے افغانستان پر حملہ آور ہو کر لاکھوں بے گناہ افراد کو بے گھر کیا انہیں آباد کرنے میں مدد دے۔افغان مہاجرین کی واپسی پاکستان کی معیشت اور معاشرت میں بہتری کے لئے انتہائی ضروری ہے ایسے افغان مہاجرین جو اب تک رجسٹر نہیں ہوئے ہیں انھیں فوری طور پر پاکستان سے رخصت کر دینا چاہیے اس عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے پاکستان کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور ایس پی صاحبان کو حکم جاری کیا جائے کہ مدت مکمل ہو چکی ہے اپنے اضلاع میں موجود ایسے افراد جن کے پاس پاکستانی شناختی کارڈ یا شہریت کی کوئی دستاویز نہ ہو، انہیں ایک جگہ جمع کر کے بتدریج افغان سرحد کراس کروا دی جائے اور آئندہ پاکستان آنے والے ہر افغانی کے لئے ویزہ لازمی قرار دیا جائے۔پاکستان دنیا کے ان تیس ممالک میں شامل ہے جہاں پیدائش کی بنیاد پر بچے کو غیر مشروط شہریت دے دی جاتی ہے اس بنیاد پر افغان مہاجرین کے بچوں کی بڑی تعداد پاکستانی شہریت حاصل کر سکتی تھی لیکن پشاور ہائی کورٹ کے ایک فیصلے نے اس اقدام کو درست قرار نہیں دیا۔ورنہ اب تک لاکھوں افغان پاکستان کے شہری بن جاتے۔ان تمام تر پابندیوں کے باوجود بھی ہمارے حکومتی نظام میں خامیوں کی وجہ سے بہت سے افغانی شہریوں نے پاکستانی پاسپورٹ حاصل کر لیا ہے۔دنیا بھر میں پاکستان کے امیج کو بہتر بنانے کے لئے ضروری ہے کہ ایسے افراد، جنہوں نے غیر قانونی طور پر پاکستانی پاسپورٹ یا نادرہ کارڈ حاصل کیا ہے ان، کی یہ دستاویزات منسوخ کر دی جائیں۔پاکستان کی ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ افغانستان میں امن قائم ہو تاکہ اسکے باشندے اپنے وطن میں رہ کر ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے کام کریں اور دونوں برادر پڑوسی ملک امن وسکون سے رہیں۔مگر افغانستان کی موجودہ حکومت کا رویہ ناقابل فہم حد تک معاندانہ ہے۔اس نے پاکستان کے مفروروں اور یہاں حملے کرنے والوں کو پناہ دے رکھی ہے اور انہیں مالی امداد بھی دیا جا رہا ہے ان دہشت گرد اور خوارج نے افغانستان میں اڈے اور کیمپ بنا رکھے ہیں جہاں پاکستان کیساتھ لڑنے اور یہاں حملے کرنے کی تربیت دی جاتی ہے۔پاکستان بارہا سفارتی سطح پر یہ معاملہ اٹھا چکا ہے مگر افغان عبوری حکومت کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔بلکہ وہ ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے برملا پاکستان کو یہ مشورہ دے رہا ہے کہ انکے ہاں پناہ گزین ٹی ٹی پی کیساتھ مذاکرات کئے جائیں۔پاکستان نے یہ شرط بھی قبول کر کے کالعدم تنظیم کیساتھ مذاکرات کئے مگر ان مذاکرات کا کیا نتیجہ نکلنا تھا جب ٹی ٹی پی پاکستان کے سابقہ قبائلی اضلاع پر اپنی عملداری قائم کرنیکی خواہاں ہو۔مطالبات تسلیم نہ ہونے پر پاکستان میں ان دہشت گردوں نے خون کی ہولی کھیلنے کا جو سلسلہ شروع کیا ہے وہ انہی افغان مہاجرین کی آڑ میں پاکستان میں داخل ہوتے ہیں اور یہاں اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے کوشاں رہتے ہیں۔جس ملک میں افغانستان کے پچاس لاکھ افراد یا تو ماضی میں پناہ گزیں رہ چکے ہیں یا پھر اب بھی دس پندرہ لاکھ کی تعداد مقیم ہے اسی ملک کے بچوں کو سکولوں اور مدرسوں میں قتل کیا گیا،خواتین اور بزرگوں کو گھروں، بازاروں اور مساجد میں نشانہ بنایا گیا اور جید علماء کو ٹارگٹ کرنے کا یہ ناروا سلسلہ افغان مہاجرین کی آڑ میں دوام پذیر ہے۔پاکستان نے ڈیڑھ سال سے افغان مہاجرین کی واپسی کا عمل شروع کر رکھا ہے مگر اس سلسلے میں ریاست کی جانب سے خاصی نرمی برتی جا رہی ہے۔6 مارچ تک 8 لاکھ 68 ہزار 8 سو 71 افغان مہاجرین کی واپسی عمل میں آ چکی ہے۔افغان حکومت کی جانب سے پاکستان اور ایران کو تحمل کا حکم دیا گیا ہے مگر نجانے 45 سالہ تحمل انکی نظروں سے اوجھل کیوں ہے؟۔ضرورت اس امر کی ہے کہ افغان باشندے برضا و رغبت اپنے وطن کو واپسی یقینی بنائیں۔کاروباری افراد اور دیگر کیلئے قانونی طریقہ کار موجود ہے۔جس پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے پاکستان پرعزم ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 03 APR 2025 Page No. 25

## سمی دین بلوچ کی رہائی

بلوچ یکجہتی کمیٹی کی رہنما سمی دین بلوچ جنہیں پانچ دیگر افراد کے ساتھ ایک ہفتہ پہلے عوامی نظم ونسق آرڈیننس (ایم پی او) کے تحت حراست میں لیا گیا تھا، گزشتہ روز رہا کر کے فی الحقیقت ایک غلط فیصلے کو درست کیا گیا ہے۔ پرامن احتجاج ہر جمہوری معاشرے میں شہریوں کا بنیادی حق تسلیم کیا جاتا ہے جسے ان سے چھینا نہیں جاسکتا۔ یہی وجہ ہے کہ عدالتی مجسٹریٹ کی جانب سے گرفتاری کے اگلے ہی روز بی وائی سی کے کارکنوں کو رہا کرنے کا حکم دے دیا گیا تھا لیکن اس کے باوجود سمی دین بلوچ کو ایم پی او کے تحت تیس دنوں کے لیے حراست میں لے لیا گیا جبکہ یہ رویہ کسی بھی طور آئینی و جمہوری روایات کے مطابق نہیں تھا۔ اسی بنا پر اقوام متحدہ کے ماہرین سے لے کر ایمنسٹی انٹرنیشنل، سول سوسائٹی کے رہنماؤں، کارکنوں اور اراکین کی جانب سے نہ صرف سمی دین بلکہ بلوچ عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کرنے پر حراست میں لیے جانے والے دیگر تمام کارکنوں، بشمول بی وائی سی کی منتظم ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ کی رہائی کا بھی مطالبہ کیا گیا جس کے نتیجے میں گزشتہ روز محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے سمی دین کے خلاف ایم پی او کے تحت گرفتاری کا حکم سے واپس لے لیا گیا جسے درست سمت میں پہلا قدم قرار دیا جاسکتا ہے جبکہ صورت حال کی مکمل اصلاح و بہتری کیلئے ضروری ہے کہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ سمیت پرامن احتجاج کا آئینی و جمہوری حق استعمال کرنے پر ایم پی او جیسے آمرانہ قانون کے تحت حراست میں لیے جانے والے بلوچ یکجہتی کمیٹی کے تمام وابستگان کو رہا کر کے مقتدر حلقے کشادہ دلی سے ان کی شکایات سنیں۔ بلوچ عوام کی محرومیاں ایسی حقیقت ہیں جسے جھٹلایا نہیں جاسکتا۔ قوم پرست تنظیمیں ہی نہیں جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ جیسے معتدل مزاج رہنما تک بلوچ عوام کے حقوق کے حوالے سے سراپا احتجاج ہیں۔ لہٰذا قومی اتحاد و یکجہتی پکڑ دھکڑ کے بجائے پرامن اور بامقصد بات چیت ہی سے ممکن ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 5

Dated: 03 APR 2025 Page No. 2-6

# وزیراعظم کا بلوچستان کی ترقی کے لیے عزم اور امن

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ملاقات کے دوران کہا ہے کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون کرے گی۔ دوسری طرف بلوچستان نیشنل پارٹی اور صوبائی حکومت کے درمیان مستونگ دھرنے سے متعلق مذاکرات پھر ناکام ہوگئے ہیں۔ بلوچستان میں ملک دشمن قوتوں کی سرگرمیوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوچکا ہے۔ اس سے مفر نہیں کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کبھی آئیڈیل نہیں رہی مگر جو حالات آج ہیں ان کی مثال ماضی میں کم ہی ملتی ہے۔ انتشار کے شکار صوبے میں سلسلہ وار دہشت گردی نے پہلے ہی پورے ملک کو ہلا کر رکھا ہوا تھا کہ اب صوبے کی مختلف سیاسی جماعتوں نے بھی احتجاج اور دھرنے شروع کردیے ہیں جن سے حالات کی سنگینی کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ افسوسناک امر تو یہ بھی ہے کہ ماضی میں جب بلوچستان میں دہشت گرد کارروائی کرتے تھے تو بلوچستان کی سیاسی جماعتیں بے گناہوں کا ناحق خون بہانے پر دہشت گردوں کی مذمت اور متاثرہ خاندانوں سے اظہار ہمدردی کرتی تھیں۔ اسے سیاست کی سفاکیت کہا جائے یا حکومت کی عدم توجہی کہ گزشتہ کچھ مہینوں سے بلوچستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں پر سیاسی جماعتوں نے بھی خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ بلوچستان میں پنجاب کے مزدوروں کا قتل ہو یا بسوں سے مسافروں کو شناختی کارڈ دیکھ کر شہید کرنا۔ بلوچستان یکجہتی کونسل کی قیادت بالخصوص ماہ رنگ بلوچ کی جانب سے دہشت گردوں کی مذمت اور متاثرین کے ساتھ ہمدردی اور یکجہتی کا کوئی بیان سامنے نہیں آتا۔ ماہ رنگ بلوچ پورے صوبے میں لاکھوں افراد کا مجمع کرتی ہیں اور عوامی سطح پر بلوچستان کے حقوق کی بات کرتی ہیں مگر ان کی جانب سے دہشت گردوں کی مذمت پر خاموشی سے کچھ اور ہی تاثر ابھرتا ہے۔ جو کسی لحاظ سے بھی پاکستان، بلوچستان اور خود ماہ رنگ بلوچ کے بھی مفاد میں نہیں۔ بلوچستان یکجہتی کمیٹی اور بالخصوص ماہ رنگ بلوچ کو بھی یہ سمجھنا چاہیے کہ ان کا مقصد اگر بلوچستان کی محرومیاں ختم کرنا اور بلوچستان کے حقوق کی جنگ لڑنا ہے تو یہ مقصد سیاسی سطح پر صوبائی اور وفاقی حکومت سے معاملہ کرنے سے حل ہوسکتا ہے۔ دہشت گردوں کی حمایت اور تائید سے نہیں۔ پہلے صرف ماہ رنگ بلوچ دہشت گردی اور پرامن حقوق کی جدوجہد کو باہم گڈمڈ کر رہی تھیں مگر اب ماہ رنگ بلوچ اور سمی بلوچ کی گرفتاری کے بعد بلوچستان نیشنل پارٹی اور اے این پی نے بھی بلوچستان کی خواتین کی گرفتاری پر لانگ مارچ اور دھرنے شروع کردیے ہیں۔ جس سے معاملہ مزید پیچیدہ ہوگیا ہے۔ بلاشبہ بلوچستان حکومت نے بی این پی سے دھرنا ختم کروانے کے لیے مذاکراتی عمل شروع کیا جس کے بدقسمتی دو دور ناکام ہوچکے۔ مذاکرات کے بعد اختر مینگل کا کہنا ہے کہ ان کا ایک ہی مطالبہ ہے کہ حکومت ماہ رنگ بلوچ سمیت ہماری خواتین کو رہا کرے ہم آج ہی دھرنا ختم کردیتے ہیں۔ بی این پی کے سربراہ کا مطالبہ اتنا سادہ اور آسان ہوتا تو بلوچستان حکومت اختر مینگل کا مطالبہ تسلیم کرنے میں لمحہ بھر تاخیر نہ کرتی۔ بی این پی کے سربراہ کو بھی یہ سمجھنا چاہیے کہ معاملہ محض بلوچستان یکجہتی کمیٹی کی رہنما ماہ رنگ بلوچ کی گرفتاری اور رہائی کا نہیں بلکہ اس معاملہ کی کڑیاں ملکی سلامتی اور بقا سے جڑی ہیں۔ بلوچستان حکومت نے گزشتہ دنوں بلوچستان میں امن کے لیے شدت پسندوں سے مذاکرات کا مینڈیٹ اپوزیشن جماعتوں کو دینے کی حامی بھری تھی۔ اختر مینگل بی این پی کے سربراہ کی حیثیت سے حکومتی مینڈیٹ کے ساتھ صرف ماہ رنگ بلوچ ہی نہیں شدت پسندوں سے بھی مذاکرات کرسکتے ہیں اور ماہ رنگ بلوچ کی رہائی بھی ممکن ہوسکتی ہے مگر اس کے لیے ان کو دھرنے اور لانگ مارچ کے بجائے ماہ رنگ بلوچ اور شدت پسندوں کو دہشت گردوں کی مذمت اور پاکستان کے آئین کے اندر رہتے ہوئے حقوق اور مطالبات منوانے کی کوششوں پر قائل کرنا ہوگا یہ نہیں ہوسکتا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کی ذمہ داری قبول کرنے والوں کی حمایت کا تاثر بھی دیا جائے اور ریاست حرکت میں بھی نہ آئے۔

جہاں تک بلوچستان کی محرومیوں اور حقوق کی بات ہے تو اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ بلوچستان کی ترقی اور غربت کا خاتمہ حکومت کی پہلی ترجیح ہونا چاہیے اس حوالے سے بلوچستان یکجہتی کونسل کے جو بھی مسائل ہوں وفاق کو باقی صوبوں سے قربانی طلب کرکے ان کا حصہ بلوچستان میں خرچ کرنا پڑے تو کرنا چاہیے۔ اسی طرح بلوچستان کے وسائل پر بلوچستان کے عوام کا پہلا حق ہے اس سے بھی کسی کو انکار نہیں اور اس کا ثبوت ریکوڈک معاہدے میں وفاق کا اپنے حصے سے بلوچستان کے حق میں دست بردار ہونا ہے۔ بلوچستان یکجہتی کونسل بی این پی سمیت بلوچستان کے تمام سٹیک ہولڈرز کی اگر بلوچستان کے وسائل کے حوالے سے استحصال کی کوئی شکایات ہیں تو وہ وفاقی حکومت سے معاملات اٹھا سکتے ہیں اور وفاق کو بھی بلوچستان کی محرومیوں کو دیکھتے ہوئے ہر ممکن تعاون کرنا چاہیے مگر محرومیوں کی آڑ میں ملک دشمن ایجنڈے کی تکمیل کی اجازت شدت پسندوں کو دی جاسکتی ہے نہ محرومیوں کو جواز بنا کر عوام کو اکٹھا کرنے والوں کو دہشت گردوں کی تائید یا پشت پناہی کرنے والوں کو۔ وزیراعظم نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو بلوچستان کی ترقی کے لئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے جبکہ ترقی امن کے بغیر ممکن نہیں۔ بہتر ہوگا وفاقی حکومت صوبائی حکومت سے صوبے میں امن وامان کے لیے بھی ہر ممکن تعاون کرے اور وفاق اور بلوچستان حکومت اپوزیشن سمیت بی این پی کو یہ مینڈیٹ دیں کہ وہ پاکستان کے آئین کے اندر رہتے ہوئے بلوچستان یکجہتی کونسل سمیت تمام شرپسندوں سے امن مذاکرات کرے تاکہ صوبے میں امن ہو اور بلوچستان کے ساتھ پاکستان ترقی کرسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 03 APR 2025

Page No. 27

# PM committed to Balochistan's progress, peace

Prime Minister Muhammad Shahbaz Sharif recently assured Balochistan's Chief Minister, Sarfaraz Bugti, of the federal government's full support for the province's development. This comes as Balochistan faces increasing instability, particularly with the failure of talks between the provincial government and the Balochistan National Party (BNP) regarding the Mastung sit-in. The province has long struggled with law and order issues, but the current crisis, which includes terrorism and escalating political unrest, marks a disturbing new phase of instability. In the past, Balochistan's political parties have condemned terrorist acts and expressed solidarity with victims. However, there has been growing silence from some factions, especially in response to recent terrorist acts like the killings of Punjabi laborers and bus passengers. The Balochistan Solidarity Council, led by Mahrang Baloch, often highlights provincial rights but fails to condemn terrorism, creating a troubling perception that blurs the line between peaceful protest and support for extremism. This silence has led many to question the true intentions of some political actors, whose focus seems to be on amplifying grievances rather than seeking peaceful solutions. To address Balochistan's long-standing deprivation and secure its rightful share of resources and political representation, political leaders must engage constructively with both provincial and federal governments. Supporting terrorism is not a solution. Figures like Mahrang Baloch, who have previously blurred the lines between advocating for Baloch rights and supporting militant activities, have further complicated the situation, especially following her arrest alongside Seemi Baloch. These events have led to protests by the BNP and Awami National Party (ANP), deepening the crisis. The Balochistan government has made attempts to negotiate with the BNP to end the Mastung sit-in, but talks have failed twice. BNP leader Akhtar Mengal has demanded the unconditional release of detained women, including Mahrang Baloch, as a condition for resolving the crisis. However, the issues at hand extend beyond individual arrests and are tied to national security. Mengal has the ability to negotiate with both the government and extremist factions for a peaceful resolution, but this requires condemning terrorism and working within Pakistan's constitutional framework. The state must be clear: actions supporting terrorism cannot be tolerated. Addressing Balochistan's grievances is vital. Development and poverty alleviation should be priorities, and the federal government's efforts, such as its decision to forgo its share in the Reko Diq mining agreement, show a commitment to the province's economic uplift. However, these actions need to be supported by concrete steps on the

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03-APR-2025 Page No. 28


## بلوچستان کی صورتحال: پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی

فکرودانش



عبدالمتین اخونزادہ

جعفر ایکسپریس ٹرین حملے اور پھر ماہ رنگ بلوچ کی گرفتاری کے بعد بلوچستان میں جو صورتحال بنی ہوئی ہے کسی بھی لحاظ سے اطمینان بخش نہیں بلکہ ہر اعتبار اور رہر زاویے سے انتہائی تشویشناک اور پریشان کن ہے۔ حتیٰ کہ بعض حلقے تو کہہ رہے ہیں کہ بلوچستان نے جیل کی شکل اختیار کرلی ہے بارڈرز پہلے سے بند پڑے ہیں تجارت اور کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے آخری رمضان المبارک یعنی 30 مارچ کو ہم وفد کی صورت میں بی این پی کے دھرنے اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے روانہ ہوئے وہ ضلع مستونگ میں حکومتی جبر وزبردستی کے باعث لکپاس پار محصور ہوکر رہ گئے تھے اس لئے سیاسی جماعتوں وقائدین کے لئے ضروری تھا کہ سیاست و پرامن جدوجہد کے ساتھ کھڑا رہا جائے یوں مستونگ بھی نہیں لکپاس تک پہنچنے کے لئے جو بمشکل ایک ڈیڑھ گھنٹے کا سفر بھی نہیں ہے ہمیں پانچ چھ گھنٹے لگے جس میں پیدل چلنے کی مشقت بھی شامل تھا اور یہ سارے کارنامے حکومت بلوچستان نے خود سرانجام دیئے تھے یعنی سڑکیں اور گلیاں بند کرنے کے شاہی کارنامے جبکہ یہ عملاً عیدالفطر کی تیاری کا آخری دن تھا اس پورے راستے میں عوام وخواص مرد وخواتین سمیت تمام طبقات وافراد جس طرح خوار و پریشاں حال رہے وہ ایک الگ اذیت ناک صورتحال تھی بظاہر اس بے مقصد کارروائی کی کوئی ضرورت نہیں تھی سیاسی جماعتوں کے لئے راستے بند کرنا غیر سیاسی وانتہا پسندوں کی حوصلے بلند کرنے کا ذریعہ ثابت ہورہا ہے اس ایک دن پہلے صوبہ کے اندر انتہائی نفیس و زیرک شخصیت جماعت اسلامی کے معتبر ومعروف رہنما مولانا عبدالحق بلوچ مرحوم کے گھر پر جس طرح سرکار چڑھ دوڑی کہ مولانا کے ایک صاحب زادے صبغت اللہ شاہ جی جو بلوچ ایکشن کمیٹی کے رکن و رہنما ہے اسے گرفتار کرنے کے لئے کئی گھنٹوں پورے علاقے کا محاصرہ کرلیا گیا تھا اور ایک بجائے تین دفعہ مولانا مرحوم کے گھر میں داخل ہوئے اور لاتعلق وسماجی شعور رکھنے والے ان کے دوسرے صاحب زادے اور نواسے و پوتے کو اٹھا کر لے گئے اگرچہ یہ تینوں نوجوان رات گئے واپس لوٹ کر آئے اور شاہ جی حدہ جیل کوئٹہ منتقل ہوئے ہیں لیکن یہ ظلم و وحشت ناقابل برداشت ہیں۔

دوستو اب تازہ خبر یہ ہے کہ نواب اکبر خان بگٹی نواسے گہرام بگٹی وجمہوری وطن پارٹی نے ڈیرہ بگٹی سے کوئٹہ تک لانگ مارچ کا اعلان کیا ہے جبکہ جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ پہلے سے کوئٹہ پر یلغار کرنے کی تیاریوں میں مصروف عمل ہیں ہوسکتا ہے کہ وہ اپنے تمبر کے پلان سے پہلے ہی جماعت اسلامی ورنہ ہا امر مجبوری حق دو تحریک کے پلیٹ فارم پر کسی نئے پلان تشکیل دینے کا اعلان کریں نیشنل پارٹی اور جے یو آئی بھی تاک میں بیٹھے ہوئے ہیں دوستو۔ پی ٹی آئی، پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی پہلے سے عمران خان کے لئے تحریک کی صورت میں مصروف عمل ہیں دوسری طرف پورے صوبے میں بدامنی کا راج ہے ہم پشین کلی طورہ شاہ ڈاکٹر مہراللہ ترین کی فاتحہ خوانی کے لئے پہنچے تو غم والم کا ماحول تھا مستونگ میں نوجوان پولیس آفیسر کے قتل پر جس طرح ان کے معصوم بچے روئے ہونگے وہ ناقابل یقین حد تک دردناک کہانی جنم لینے کا راستہ ہموار کرتے ہیں۔

اس پورے پس منظر میں عام آدمی کے مفادات و حقوق کا تحفظ نہیں پایا جاتا ہے اور نہ ہی حکومت کہیں مثبت وقابل عمل ورکنگ کے ساتھ کہیں نظر آتی ہے اب عید کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جے یو آئی ف کے صوبائی سربراہ مولانا عبدالواسع صاحب کے گھروں کے چکر لگاتے نظر آئے ہیں۔ دوستو پہلے قدم کے طور پر گرفتار خواتین وبچیوں کو رہا کیا جائے اور پھر بامعنی ونتیجہ خیز مذاکرات کا عمل شروع کیا جائے کیا ملک وملت کو اس کا احساس و ادراک ہے یا ارباب دانش وحکمت والے اس میں اپنا کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہیں؟ عقل وخرد رکھنے والوں کے لئے بس اتنا اشارہ ہی کافی ہے دوستو ایسا نہ ہو کہ بہت دیر ہوجائے۔